19/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

ڈونلڈ ٹرمپ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو دعوت دی ہے کہ وہ
ا

س ”بورڈ آف پیس“ میں شامل ہوں، جو غزہ میں مستقل امن قائم کرنے کی جانب کام کر رہا ہے۔ امریکی صدر نے نریندر ±
مودی کو اِس سلسلے میں ایک خط بھیجا ہے ۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے اس خط میں کہا ہے کہ انہیں وزیراعظم کو یہ دعوت دیتے ہوئے اعزاز محسوس ہو رہا ہے کہ وہ مشرقِ وسطیٰ میں، امن کو ایک ٹھوس شکل دینے اور عامی تنازع کو حل کرنے کا ایک دیرانہ نیا طریقہ کار اختیار کرنے کی
ا

ن کی کوششوں میں شامل ہوں۔±

امریکی صدر نے اِس بورڈ کو غزہ پٹی میں اسرائیل اور حماس کے درمیان ایک جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کا حصہ بتایا ہے۔

یفٹننٹ گورنر

یفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انہیں نوجوانوں کی طاقت پر پورا بھروسہ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے قوم کی امیدیں وابستہ ہیں ۔ وہ کل سانبہ ضلعے کے گُرہا سلاتھیا میں Guidance and Career Counselling Cell for Youth Development کے ساتویں سالانہ دن کی تقریب پر نوجوانوں سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے نوجوانوں سے تاکید کی کہ وہ سماجی بدلاو کے معمار بنیں اور وکست بھارت کے ویژن کے تئیں اپنا رول ادا کریں ۔

معاشرے کی ترقی کےئے اختراع اور کارخانہ داری کو کلیدی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے منوج سنہا نے نوجوانوں سے یہ بھی کہا کہ وہ مشکلات کے حل کےئے نئے نئے خیالات اپنائیں اور خود روزگار کےئے مواقعے پیدا کریں ۔

شیوراج سنگھ چوہان

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے وکست بھارت جی رام جی ایکٹ سے متعلق کانگریس پارٹی پر ملک کےوگوں کو گمراہ کرنے کازام گایا ہے۔ نئی دی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایکٹ ہر دیہی گھرانے کو کم از کم 125 دن کے روزگار کی ضمانت دیتا ہے جو پہلے سو دن پر مشتمل تھا ۔

انہوں نے کہا کہ منریگا کے تحت دس کروڑ کے اثاثے بنائے گئے تھے جن میں سے ساڑھے آٹھ کروڑ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بنائے گئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مودی حکومت میں 25 کروڑوگوں کو غربت سے نکالا گیا ہے۔

ستیش شرما

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کل ادھمپور میں دیویکا چیمپئنزیگ کے فائنل میچ کے بعد انعامی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت جموں و کشمیر کے نوجوانوں میں کھیل کود کے فروغ کےئے

پ

رعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں مینجدید اسپورٹس انفراسٹرکچر، کوچنگ اور مقابلہ جاتی مواقعے ±
فراہم کئے جا رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت کھلاڑیوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

NDRF

آج اپنا یوم تاسیس منا رہی ہے - NDRF قدرتی آفات کے دوران راحتی کام کرنے والی قومی فورس

کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے سوشل NDRF اس موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے
قدرتی آفات کے دوران، ملک کے عوام کیلئے ایک اعتماد بن چکی ہے۔ انہوں NDRF میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظمنے کہا کہ
کا ایک اہم کردار ہے، جو حکومت کے عزم کو حقیقت میں بدلنے میں مدد دیتی ہے، تاکہ ملک کو NDRF نے مزید کہا کہ
قدرتی آفات سے محفوظ بنایا جاسکے۔

کے NDRF وزیر داخلہ امت شاہ نے
ا

ن شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا، جنہوں نے عوام کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کی قربانی دی۔±

کرائم برانچ

وِنگ کرائم برانچ کشمیر نے غیر قانونی طریقے سے مائیگرنٹ ریلیف فنڈ حاصل کرنے کی پاداش میں Offences اکنامک
ملازم کے خلاف چارج شیٹ دائر کیا ہے۔ ملازم محمد حسین شاہ ساکنہ سید پورہ شوپیان پرالزام ہے کہ اس PHE ایک سابق
نے سرکاری ملازمت میں ہونے کے باوجود خود کو مائگرنٹ ظاہر کر کے اہل خانہ سمیت غیر قانونی طور پر 18 لاکھ 30
ہزار روپے سے زائد کی مائیگرنٹ امداد حاصل کی۔ تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ ملزم نے اپنے روزگار
سے متعلق حقائق چھپانے اور غلط بیانی سے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچایا ہے۔ اکنامک آفنسز وِنگ نے عوامی وسائل
کے تحفظ اور فلاحی سکیموں کے غلط استعمال کے خلاف سخت کاروائی جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

HADP

، زرعی شعبے میں ایک نئی تبدیلی کا باعث بن رہا ہے۔ HADPجموں و کشمیر میں ہولسٹک ایگری کلچر ڈیولپمنٹ پروگرام،
اس پروگرام کے تحت اب تک 92 ہزار سے زائد پیداواری یونٹس قائم کئے جا چکے ہیں۔ 5 ہزار 13 کروڑ روپے کے اس
کے تحت کسانوں کی ڈیجیٹل HADP جامع منصوبے کا مقصد زراعت کو روزگار اور آمدنی پر مبنی نظام میں تبدیل کرنا ہے۔
رجسٹریشن، تربیت، مارکیٹ سے
جڑاو

اور جدید انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ دیہی معیشت کو مضبوط بنانے میں مدد مل سکے۔ ؛

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****